© rasailojaraid.com



## تعارف وتبصرہ

# سیرت شیخ الاسلام

مرتب : مولانا نجم الدین اصلاحی
صفحات ۳۶۰ مجلد قیمت ۳۵ روپئے
مکتبہ دینیہ دیوبند سہارنپور ۔ یوپی

شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد مدنی کا انتقال ۱۹۵۷ء میں ہوا تیس برس بعد غالباً یہ پہلی مفصل سوانح عمری ہے جو سامنے آئی ہے۔ شروع میں حضرت کی خود نوشت سوانح ہے جو نثر سے زیادہ صفحات پر مشتمل ہے۔ اس کے بعد مولانا کے مرید خاص مولانا نجم الدین اصلاحی کے قلم سے اخلاق و عادات، خانگی زندگی اور تصوف و سلوک سے متعلق تفصیلات بیان ہوئی ہیں۔

مولانا سلف کا نمونہ تھے۔ ان کی نیک نفسی، اخلاص، محنت اور جفاکشی اور تقویٰ و طہارت کے وہ لوگ بھی معترف تھے جو ان سے بعض مسائل میں اختلاف رکھتے تھے۔

ملکی سیاست میں مولانا نے اہم کردار ادا کیا ہے۔ وہ جمعیۃ العلماء کے صدر رہے۔ بعض سیاسی مسائل میں مولانا اشرف علی تھانوی، مولانا شبیر احمد عثمانی، علامہ اقبال اور مولانا مودودی کو ان سے اختلاف رہا ہے۔ کتاب میں اسے نظر انداز کیا گیا ہے۔ ضرورت اس بات کی تھی کہ مولانا کے فکر کی اساس اور اس سے اختلاف کی نوعیت سامنے آتی۔

اسی طرح بعض دینی مسائل میں مولانا کے خیالات اس طویل مراسلت میں ملتے ہیں جو مولانا اور سابق امیر جماعت اسلامی ہند مولانا ابواللیث اصلاحی کے درمیان ہوئی اور جو بعد میں کتابی شکل میں شائع ہو چکی ہے۔ کتاب اس کے ذکر سے بھی خالی ہے۔

مولانا کی خاص شہرت دارالعلوم دیوبند کے شیخ الحدیث کی حیثیت سے رہی ہے۔ کتاب میں مولانا کے علمی معارف درسی خصوصیات اور نکات حدیث کی بجا طور پر توقع کی جاتی ہے۔ لیکن مطالعہ سے یہ توقع پوری نہیں ہوتی۔

کتاب پر عقیدت و محبت کا رنگ غالب ہے حالانکہ آج کا ذوق ہر معاملہ میں جائزہ اور تحقیق چاہتا ہے۔ کتاب میں حسن ترتیب کی بھی کمی ہے۔ اسی مواد کو بہتر ترتیب کے ساتھ پیش کیا جا سکتا تھا۔ اس کے باوجود دوسری کتابوں کی عدم موجودگی میں اس کی ضرورت و اہمیت اپنی جگہ پر قائم ہے۔

(جلال الدین عمری)



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



# مکتبہ تحقیق

کی مطبوعات کے علاوہ آپ ہم سے دیگر مکتبوں کی کتابیں طلب کرسکتے ہیں۔ بعض اہم کتابوں کے نام یہاں دیے جارہے ہیں:-

## ترجمہ وتفسیر قرآن

۱۔ تفہیم القرآن - مولانا مودودیؒ مکمل سیٹ ۔/۴۴۰
۲۔ تلخیص تفہیم القرآن ۔/۱۲۵
۳۔ معارف القرآن مفتی محمد شفیعؒ ۔/۷۰
۴۔ فی ظلال القرآن مترجم پارہ عم ۔/۸۰
۵۔ 〃 〃 جلد اول ۔/۱۱۰
۶۔ 〃 〃 جلد دوم ۔/۹۰
۷۔ 〃 〃 جلد سوم
۸۔ ام الکتاب مولانا آزاد ۔/۴۰
۹۔ قرآنی اصطلاحات اور علماء سلف وخلف ۔/۳۵

## تراجم حدیث

۱۔ بخاری شریف مترجم ۳ جلدوں میں مکمل سیٹ ۔/۴۰
۲۔ مسلم شریف 〃 ۲ جلدوں میں 〃 ۔/۳۲۵
۳۔ سنن ابوداؤد 〃 ۔/۲۴۵
۴۔ ترمذی شریف 〃 ۲ جلدوں میں 〃 ۔/۲۱۰
۵۔ مشکوٰۃ المصابیح مترجم ۳ جلدوں میں ۔/۲۲۵
۶۔ مؤطا امام مالک 〃 ۔/۸۵
۷۔ مؤطا امام محمد 〃 ۔/۷۵
۹۔ ریاض الصالحین 〃

## سیرت وتاریخ

۱۔ سیرت النبی ابن ہشام مکمل ۔/۱۹۰
۲۔ سیرت سرور عالم مولانا مودودیؒ اول ۔/۸۵
۳۔ 〃 〃 دوم ۔/۸۵
۴۔ رحمۃ للعالمین قاضی سلیمان منصورپوری ۔/۱۱۰
۵۔ محسن انسانیت نعیم صدیقی ۔/۵۵
۶۔ نبی رحمت مولانا علی میاں ۔/۷۵
۷۔ حیات محمد محمد حسین ہیکل ۔/۱۰۰
۸۔ دُرِّ یتیم ماہر القادری ۔/۳۰
۹۔ محمد عربی عنایت اللہ سبحانی ۔/۲۰
۱۱۔ رسول رحمت غلام رسول مہر ۔/۹۵
۱۲۔ رسول اکرم کی جنگی اسکیم - عبدالباری ایم اے ۔/۳۵
۱۳۔ سیرت النبی علامہ شبلی نعمانی اول ۔/۴۲
۱۴۔ 〃 〃 دوم ۔/۴۲
۱۵۔ 〃 سید سلیمان ندوی سوم ۔/۵۸
۱۶۔ 〃 〃 چہارم ۔/۵۸
۱۷۔ 〃 〃 پنجم ۔/۲۸
۱۸۔ 〃 〃 ششم ۔/۵۸
۱۹۔ رحمت عالم 〃 ۔/۷

## ملنے کا پتا

مکتبہ تحقیق وتصنیف اسلامی - پان والی کوٹھی - دودھ پور - علی گڑھ

© rasailojaraid.com